اسکول میں تنوع کا مشاورتی گروپ

11 دسمبر، 2017 سہ پہر 3 تا شام 5 بجے تک، Tweed Courthouse

اجلاس کے نکات

1. تعارف

- ذیل کی جانب سے ابتائی کلمات
  - Ursulina Ramirez, نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم چیف آپریٹنگ افسر اور چیف آف اسٹاف
  - Maya Wiley، معاون صدر اور کمیٹی کے چیف ایگزیکیٹیو ممبر
  - Jose Calderon، معاون صدر اور کمیٹی کے چیف ایگزیکیٹیو ممبر
  - Hazel Dukes، معاون صدر اور کمیٹی کے چیف ایگزیکیٹیو ممبر
  - Richard Kahlenberg، کمیٹی کے چیف ایگزیکیٹیو ممبر
  - Amy Hsin، کمیٹی کے چیف ایگزیکیٹیو ممبر
- تمام شرکا کے نام کی فہرست ، الحاق، اور رابطے کی معلومات کے لیے منسلکہ دستاویز ملاحظہ کریں۔

2. نصب العین اور اسکول میں تنوع کے مشاورتی گروپ کے اختیار اور مجوزہ ساخت پر گفتگو کا مجموعی جائزہ۔

- مشترکہ اصول
  - مشاورتی گروپ کو بنیادی اصولوں کی کلیدی اصطلاحات کی عام تعریفیں تخلیق کرنی ہوں گی - مثلاً گروپ "مساوات" ، "تنوع"، "شفافیت" کی تعریف کس طرح کرتے ہیں؟
  - ہمیں خاص طور پر گنجائش کی وضاحت کرنے کی ضرورت ہوگی، بشمول اس بات کی وضاحت کہ محکمئہ تعلیم کس چیز کا اطلاق کرے گا اور طویل مدتی گوشوارہ وقت بمقابلہ کم مدتی گوشوارہ وقت کیسا ہے
- مشاورتی گروپ کی ساخت
  - Jose Calderon: معاون صدر کے طور پر ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم بات چیت کو آسان بنائیں۔ اس میں سب شرکت کر سکتے ہیں۔ اس میز پر موجود ہر شخص فائدہ مند ہو سکتا ہے۔ مشاورتی گروپ کے طور پر، ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم برادری کی آرا اکٹھا کریں۔ ہمیں دیگر حلقہ احباب (مثلاً کاروبار کے قائدین) اور مشاورتی گروپ کے ممبران جن حلقہ احباب کی نمائندگی کرتے ہیں ان کو شامل کرنا چاہیئے۔
  - اگر ہم سفارشات کرنے کے لیے 2018 کے اختتام کا انتظار کریں گے تو اس کا اطلاق کم سے کم 2019 میں ہو گا۔ ابتدا کرنے کے لیے اطلاق کے امکان کے ساتھ ابتدائی سفارشات کو 2018 کے وسط میں ابتدائی تجاویز کو پیش کرنے میں دلچسپی ظاہر کی گئی ہے۔
  - جیسے کہ پورا گروپ آگے بڑھے گا، یہ سمجھنا اہم ہے کہ پالیسیاں کس طرح ہر ایک حلقہ احباب کو متاثر کریں گی۔
  - خیالات کے اشتراک کو زیادہ زیادہ کرنے اور خیالات کو اپنے آپ تک محدود رکھنے سے اجتناب کرنے کے لیے، ہر ایک ذیلی کمیٹی کو ایک ملے جلے حلقوں کے وسیع مشاورتی گروپ کی نمائندگی کرنی چاہیئے اور محدود مسائل پر مبنی ذیلی کمیٹی کے بجائے ہر ایک کو تمام موضوعات کو زیر غور لانا چاہیئے۔
  - بنیاد کے طور پر، ہر ایک ذیلی گروپ کو کم سے کم ایک طالب علم، والدین، ایک حمایتی، ایک محقق، اور محکمئہ تعلیم کے ایک نمائندے پر مبنی ہونا چاہیئے۔

3. شہر کے تنوع کے منصوبے کا جائزہ

- ابتدا میں تحریر کردہ اہداف کو نمائندگی سے وابستہ ہونا چاہیئے۔ اسکول کے تنوع میں دیگر موضوعات ہیں جن کی پیمائش ہم کرنا چاہتے ہیں

- محکمئہ تعلیم گروپ سے متعلقہ تمام مشمولات اور وسائل کے لیے ایک مشترکہ مہم تخلیق کرے گا، بشمول مزید تفصیلی اعداد و شمار کے۔ مشاورتی گروپ کے ممبران کے ذریعے کی گئی تحقیق اور بیرونی کام کو اس مقام سے اکٹھا کیا جا سکتا ہے۔
- Maya Wiley: اگلے قدم کے طور پر، ہر ایک کو اپنے اضافی متعلقہ وسائل کا اشتراک کرنا چاہیئے اور ان افراد کے نام کا اشتراک کرنا چاہیئے جو اس گروپ میں شرکت کر سکتے ہیں۔
- ایسے وسائل موجود ہیں جن کو مشاورتی گروپ کے ممبران کے ذریعے تخلیق کیا گیا ہے، بشمول اینٹیگریٹڈ این وائی سی کے ذریعے تخلیق کردہ پانچ "Rs" جو ذیل کمیٹی کی بات چیت میں مدد کرتے ہیں۔
- کسی وقت سیاست کی ابتدا بھی ہو سکتی ہے۔ مخصوص نتیجوں کے قطع نظر ہمیں عوامی شمولیت کی ضرورت خیالات کو جمع کر دینے کے بعد، اطلاق اور اطلاق کی منتظمی کے لیے ایک منصوبے کی ضرورت ہو گی۔
- اس کمرے اور ہمارے اسکول میں جانبداری ہے۔ ہم لوگوں کو ان کے لاشوری میں ایسے تعصب سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں جو سفارشات کی بنیاد بنتے ہیں۔ لوگ جدوجہد کرتے ہیں کہ متحرک کیسے ہوا جائے، نسل کے بارے میں کس طرح گفتگو کی جائے۔
- یہ اہم ہے کہ صرف اسکولوں کے بجائے ہر ایک برادری کے ماحول کو دیکھا جانا چاہیئے۔
- ہم تجویز کرتے ہیں اس گروپ کو اسکول کے ماحول سے ایسے فعالیتی گروپ سے سیکھنا چاہیئے، جو دو سال سے کام کر رہا ہے اور یہ سوچنا چاہیئے کہ دیگر گروپ کے کام سے کس طرح سیکھا جائے

4. اسکول کے تنوع کے مشاورتی گروپ کے لیے ممکنہ ارتکاز کے شعبوں پر بات چیت

- ٹاون ہال اجلاس کے لیے ایک باساختہ طریق کار میں دلچسپ ہیں
- میئر اور چانسلر کو ہماری تجاویز کا اطلاق کرنے کے لیے پابند عہد ہونا پڑے گا؛ ہمیں سیاسی موجودگی کی ضرورت ہے۔
- ہمیں انتظامیہ اور اس کے بعد اسکول کے قائدین مجموعی معاونت کی ضرورت ہو گی
- Hazel Dukes: ہم نسلی تعصب کے مسئلے کو حل نہیں کریں گے۔ جب میئر نے مجھ سے معاون صدر کے طور پر خدمات انجام دینے کے لیے کہا تھا تو مجھ علم ہو کہ میئر اور چانسلر کو معلوم ہے ہم نے کتنا کام کیا ہے۔ ہمیں طلبا کے کام کو دیکھنے کی ضرورت ہے؛ میں آپ کے تمام کام کو سراہتا ہوں۔ ہمیں یہ فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے ہم تمام مسائل کو کس طرح حل کریں گے۔
- یہ اعتراف کرنا کہ ہم سب ایک دوسرے کے بارے میں قیاس آرائی کرتے ہیں، اور یہ کہ اس کام کا اختتام 2018 تک نہیں ہو گا
- Maya Wiley: ہمارے پاس ایک اچھا موقع ہے لیکن بہترین موقع نہیں ہے۔ ہمیں بہترین کے لیے اچھے خیال کو برا نہیں سمجھنا چاہیئے۔ اپنے خیالات کو اپنے آپ تک محدود نہ رکھنے والے گروپ کا مطلب ہے کہ گروپ ہر اس مسئلے سے نمٹے گا جس کی نشان دہی ہم کریں گے۔
- ذیلی کمیٹی کے لیے غور کرنے کے لیے اضافی موضوعات:
  - وسائل کو مختص کرنا
  - تشخیصات، تشخیصات کے ذریعے پیمائش کرنے کی قابلیت۔
  - کیا ہم ایک نہایت متنوع اسکول کے مقابلے میں کم سے کم متنوع اسکول کے طلبا کے تجربات کو دیکھنے کے لیے ایک تحقیق کر سکتے ہیں؟
  - موجودہ نظم و ضبط کی پالیسیوں کا جائزہ
  - کارکنوں کی نمائندگی
  - عملے کی ذہنیت
  - تمام طلبا کو اعلی معیار کے تعلیمی کام تک رسائی کی ضرورت ہے
- Maya Wiley: آئیے "مساوات کو تخلیق کریں" اس کا اضافہ بطور مشترکہ اصول کے کریں
- " ثقافتی طور پر مفید نصاب اور خیر مقدم کرنے والا ماحول" کے طور پر نشان دہی کردہ ابتدائی ارتکاز کے شعبے کو " ثقافتی طور پر مفید نصاب اور تدریس اور اسکول کی ثقافت" میں تبدیل کرنے کا معاہدہ

- دیگر خیالات:
  - اس حقیقت کو جاننے کی ضرورت ہو گی کہ اسکول کی برادریوں کو تبدیل کرنے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہو گی۔ کیمپس، اسکول کی عمارت میں کیا ہوتا ہے۔
  - اس وضاحت کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے کہ طلبا ایک دوسرے سے کس طرح سیکھتے ہیں۔ ضروری نہیں ہے کہ والدین متنوع کلاس روم کے تمام فوائد کو جانتے ہیں۔
  - نقل وطن طلبا کے اثرات کو زیر غور لانے کی ضرورت ہے
  - آپ نئے اساتذہ کو شامل کرنے اور ٹیک فار امریکہ، دی نیو ٹیچر پراجیکٹ، ٹیچینگ فیلوز جیسی تنظیموں کے ساتھ شراکت کرنے اور مساوات کے لیے جو کام یہ کرتے ہیں اس کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔
  - نئے اساتذہ جو تربیت موصول کرتے ہیں اس کو تبدیل کر سکتے ہیں۔

5. اگلے اقدامات

- ہم قابل منظم تعداد میں فعال کمیٹیوں کی تجویز اور رکنیت کی تجویز کریں گے، اور ہم ہر ایک گروپ کے لیے بات چیت کرنے کے لیے اہم مسائل کا خلاصہ کریں گے۔
- ہمیں ٹاون ہال اور فوری طور پر ٹاون ہال کے لیے منصوبہ بندی کرنے کے بارے میں سوچنے کا آغاز کرنے کی ضرورت ہے۔